# حضرت امام مهدي عليه السلام كي ولادت كے متعلق بعض سني حضرات كے خيالات

<"xml encoding="UTF-8?>




حضرت امام مهدي عليه السلام كي ولادت كے متعلق بعض سني حضرات كے خيالات

اهل سنت كي رائے امام مہدي عليہ السلام كي ولادت كے بارے ميں (حصّہ اوّل)

(3): سبط بن جوزي حنفي اپني كتاب "تذكرة الخواص " ميں لكھتے ہيں كہ 'حضرت مہدي محمد بن حسن بن علي بن محمد بن علي بن موسيٰ بن جعفر بن محمد بن علي بن الحسين بن علي ابن ابي طالب ہيں- ان كي

كنيت ابوعبداللہ اور ابوالقاسم ہيں اور وہ حضرت حجت صاحب الزمان اورقائم منتظر ہيں -‘‘پھرعبداللہ بن عمر سے روايت نقل کرتے ہيں کہ رسول گرامي اسلام صلي اللہ عليہ وآلہ وسلم نے فرمايا: 'آخري زمانے ميں ميري اولاد ميں سے ايک مرد قيام کرے گا کہ اس کانام ميرے نام کي طرح اور اس کي کنيت ميري کنيت کي طرح ہے وہ زمين کو اس طرح عدل و انصاف سے بھرديں گے جس طرح وہ پہلے ظلم و جور سے بھرچکي ہوگي-‘‘

(4): عبدالوھاب شعراني مختلف عقائدي مسائل کے بارے ميں اہل سنت کے بڑے بڑے علماء کے نظريات پر مشتمل اپني کتاب "اليواقيت والجواھر" کے ايک باب ميں دنيا کے خاتمہ سے پہلے رونما ہونے والے واقعات کو ذکر کيا ہے اور ان واقعات ميں سے ايک واقعہ ، حضرت مہدي عليہ السلام کے قيام کے بارے ميں ہے کہ وہاں اس نے مفصل طور پر بحث کي ہے اور بعض بڑے بڑے علماء سے نقل کيا ہے کہ "مہدي "(عج) حسن عسکري عليہ السلام کے بيٹے ہيں جو پندرہ شعبان 255ھ ق کو پيدا ہوئے تھے وہ زندہ اورباقي رہيں گے يہاں تک کہ عيسي عليہ السلام ظہور کريں گے اور اب 958ھ ق کو ان کي عمر 703سال ہوچکي ہے-"

وہ شيخ محي الدين عربي کے حوالے سے نقل کرتے ہيں کہ زمين کے ظلم و جور سے بھرجانے کے بعد مہدي(عج) کا قيام يقيني ہے يہاں تک کہ اگر اس دنيا کي زندگي کا ايک دن باقي رہ جائے يقيناً مہدي (عج)قيام کريں گے اور زمين کو عدل و انصاف سے بھر ديں گے- وہ پيغمبراکرم (ص) اورفاطمہ رضي اللہ عنھا کي نسل سے ہيں اوران کے جد امجد حسين بن علي ابن ابي طالب ہيں اور ان کے وا لد حسن عسکري ہيں جو علي نقي بن محمد تقي بن علي رضا بن موسي کاظم بن جعفر صادق بن محمد باقر بن زينعلي العابدين بن حسين بن علي ابن ابيطالب رضي اللہ عنہ کے بيٹے ہيں ، ان کانام رسول خدا کے ہم نام کے اور اس کا چہرہ رسول اکرم کے چہرہ سے مشابہہ ہے...- ( معجم احاديث الامام المہدي، ج2، ص143)

ہم انہيں چندمثالوں پر اکتفا کرتے ہيں، مزيد مطالعہ کے لئے شيخ طبرسي کي کتاب کفاية المؤحدين اور سيد محمد کاظم قزويني کي کتاب الامام المہدي کي طرف رجوع کريں-